پروفیسر عبدالقادر ایم اے کی اس رائے سے ہمیں پورا اتفاق ہے کہ بہ نسبت دیگر مروجہ کتب کے یہ کتاب اگر عربی مدارس کے ابتدائی نصاب میں داخل کی جائے تو زیادہ مفید ہوگی' ان دونوں حصوں کے ساتھ ایک ایک کلید بھی صاحب کتاب نے مرتب کی ہے' یہ کلید صرف ان لوگوں کے لیے ہے جو بطور خود عربی زبان سیکھنی چاہتے ہوں۔ ان دونوں کلیدوں کی قیمت تین آنے اور پانچ آنے ہے (ا۔خ)

عربی کا نیا قاعدہ | حصۂ اول و دوم' از مولوی عبدالستار خاں صاحب' قیمت ۹ پائی ار ۶ پائی۔

فاضل مرتب نے یہ قاعدے حروف شناسی کی تسہیل کے لیے مرتب کئے ہیں اور عربی معلم کی طرح ان کے یہ دونوں قاعدے بھی تمام دوسرے قاعدوں سے بہتر ہیں جو آج کل بازاروں میں بکتے ہیں یہ دونوں قاعدے اعاظۂ بمبئی کے محکمہ تعلیم نے ابتدائی مدارس کے نصاب میں داخل کرلیے ہیں۔ ہم سفارش کرتے ہیں کہ ناظرین ترجمان القرآن ان قاعدوں سے اپنے بچوں کی تعلیم کی بسم اللہ کریں (ا۔خ)

تقریر سیرت | از مولنا احمد سعید صاحب ناظم جمعیت علمار ہند۔ ضخامت ۲۸ صفحات قیمت (عہ ملنے کا پتہ:۔ دینی بک ڈپو' کوچہ ناہر خاں۔ بیت السعید۔ دہلی۔

مولنا احمد سعید صاحب وعظ و بیان کے بادشاہ ہیں۔ دو برس ہوئے کہ سیرت نبوی پر اناوے میں ایک تقریر کی تھی جو بعد کو کتابی صورت میں شائع ہوی اور بہت مقبول ہوی۔ یہ اسی تقریر کی دوسری اشاعت ہے جسے مولنا کی نظر ثانی نے کچھ سے کچھ کردیا ہے۔ تقریر کیا ہے' خوش بیانی کا ایک دریا ہے جس کی موجوں پر سیرت پاک' قصص انبیار و صالحین' لطائف قرآن و حدیث عقل و نقل اور سیاست ملی کے سفینے روان ہیں۔ (ا۔خ)۔

ہمارے نبی کے صحابہ | تالیف مولوی اعجاز الحق صاحب قدوسی۔ ضخامت ۱۲۰ صفحات۔ قیمت ۸ر۔ ملنے کا پتہ: دفتر ترجمان القران (حیدرآباد دکن)۔

قدوسی صاحب نے یہ کتاب بچوں کے لیے تالیف کی ہے اخلاق و عبادات اور معاشرت